سہوا کلام کرنا

سہواً کلام کرنا

مسئلہ۳۹۱۔ اگر انسان غلطی سے اس خیال سے کہ نماز پڑھ چکا ہے کلام کرے تو ضروری ہے کہ دو سجدہ سہو بجالائے۔

مسئلہ۳۹۲۔ آہ بھرنے اور کھانسنے سے پیدا ہونے والی آواز کے لئے سجدہ سہو واجب نہیں لیکن اگر مثلا غلطی سے "آخ" یا "آہ" کہے تو ضروری ہے کہ سجدہ سہو بجالائے۔

مسئلہ۳۹۳۔ اگر ایسا کلمہ جو بھولے سے غلط پڑھا ہو دوبارہ صحیح طور پر پڑھے تو اس کے دوبارہ پڑھنے پر سجدہ سہو واجب نہیں ہے۔

مسئلہ۳۹۴۔ اگر نماز میں غلطی سے کئی کلمات ادا کرے اور وہ سارے کلمات ایک گفتگو شمار ہوتے ہوں تو دو سجدہ سہو کافی ہیں۔